**Adeel / Shabbir**

**16-03-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں          اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 انتخابی کمیشن آج دوپہر لوک سبھا انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرے گا۔

2 وزیراعظم نریندر مودی آج تلنگانہ اور کرناٹک میں عوامی جلسے منعقد کریں گے۔

3 وزارت دفاع نے بھارتی بحریہ کے، 25 ڈورنیئر طیاروں میں بہتری لانے کے لیے ہندوستان ایرونوٹکس لمیٹڈ کے ساتھ تقریباً تین ہزار کروڑ روپے مالیت کے سمجھوتے پر دستخط کیے ہیں۔

4 بیڈمنٹن میں، لکشیہ سین، برمنگھم میں آل انگلینڈ اوپن چیمپئن شپ کے، مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنلز میں داخل ہوگئے ہیں۔

5 اور : WPL کرکٹ میں دلی میں کھیلے گئے میچ میں رایل چیلنجر بینگلور نے ممبئی انڈینس کو شکست دی۔ اب کل فائنل میں اُس کا مقابلہ دلی کیپٹلز سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Lok Sabha Polls

انتخابی کمیشن 2024 کے لوک سبھا انتخابات کی تاریخوں کا اعلان آج کرے گا۔ یہ اعلان آج دوپہر نئی دلی کے وگیان بھون میں کیا جائے گا۔ کمیشن لوک سبھا انتخابات سمیت کچھ ریاستوں میں اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا بھی اعلان کرے گا۔ موجودہ لوک سبھا کی مدت کار اس سال سولہ جون کو ختم ہورہی ہے۔سال 2019 میں لوک سبھا انتخابات کی تاریخوں کا اعلان دس مارچ کو کیا گیا تھا اور انتخابات اپریل اور مئی میں سات مرحلوں میں ہوئے تھے۔

توقع ہے کہ اِس مرتبہ بھی چناؤ اپریل اور مئی میں سات مرحلوں میں کرائے جائیں گے۔ پچھلے لوک سبھا انتخابات میں BJP نے ملک میں 543 پارلیمانی حلقوں میں سے 303 سیٹیں جیت کر بڑی کامیابی حاصل کی تھی۔

اب تک حکمراں پارٹی 267 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کرچکی ہے، جبکہ اصل اپوزیشن کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے 82 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ بائیں بازو، TMC، عام آدمی پارٹی اور کچھ دیگر پارٹیوں نے بھی بہت سی لوک سبھا سیٹوں کیلئے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ x

PM South India Visit

BJP کے سینئر رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی آج لوک سبھا انتخابات کے لیے پارٹی مہم کے حصے کے طور پر تلنگانہ میں، نگر کُر نول میں ایک عوامی جلسہ منعقد کریں گے۔ وہ ریاست کے دو روزہ دورے پر ہیں۔

ہمارے نامہ نگارنے بتایا ہے کہ بی جے پی نے لوک سبھا انتخابات کے لیے 17 میں سے15 امیدواروں کے ناموں کااعلان کردیا ہے۔ ایک رپورٹ

V/C Lakshmi

جناب مودی آج صبح کرناٹک جائیں گے جہاں وہ کلبرگی میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کریں گے وہ پیر کو شِو موگا ضلعے میں ایک اور عوامی جلسہ منعقد کریں گے۔

وزیراعظم لوک سبھا انتخابات کے لیے پارٹی کی چناوٗ مہم کے حصے کے طور پر جنوبی ریاستوں میں بڑے پیمانے پر روڈ شو ریلیاں منعقد کر رہے ہیں۔کل وہ آندھرا پردیش جائیں گے وہ، پلناڈو ضلعے میں چِلا کلوری پیٹا میں ''بھارتیہ جنتا پارٹی - تیلگودیسم پارٹی - جن سینا پارٹی'' کی مشترکہ سیاسی میٹنگ میں بھی شرکت کریں گے۔

Shah Electoral Bonds

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ الیکٹورل بانڈس کا آغاز، بھارتی سیاست میں کالے دھن کے اثر کو ختم کرنے کے لیے کیا گیا تھا۔ جناب شاہ نے یہ بتاتے ہوئے کہ وہ، الیکٹورل بانڈس کے معاملے پر سپریم کورٹ کے حکم کا پوری طرح احترام کرتے ہیں، انھوں نے کہا کہ وہ سمجھتے ہیں کہ الیکٹورل بانڈس کو پوری طرح ختم کرنے کے بجائے، اس میں بہتری لائی جائے۔ وہ کل نئی دلی میں ایک میڈیا گروپ کی طرف سے منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔

Amit Shah Electoral Bond

کانگریس کا حوالہ دیتے ہوئے جناب شاہ نے اپوزیشن پارٹی کے رہنماؤں پر الزام لگایا کہ وہ سیاسی عطیے، نقد رقم میں لیا کرتے تھے، کیونکہ کسی عطیے میں سے، وہ پارٹی کے نام پر ایک چھوٹی رقم جمع کر دیتے تھے اور بقیہ رقم اپنی جیبوں میں بھرتے تھے۔

انھوں نے کہا کہ الیکٹورل بانڈس کے کُل بیس ہزار کروڑ روپے میں سے BJP کو تقریباً چھ ہزار کروڑ روپے ملے۔ انھوں نے سوال اٹھایا کہ بانڈس کی 14 ہزار کروڑ روپے کی رقم کہاں چلی گئی۔ انھوں نے کہا کہ TMC کو ایک ہزار چھ سو کروڑ روپے، کانگریس کو ایک ہزار چار سو کروڑ روپے، BRS کو ایک ہزار دو سو کروڑ روپے، BJD کو 750 کروڑ روپے اور DMK کو چھ سو 39 کروڑ روپے ملے ہیں۔

وزیر داخلہ نے کہا کہ BJP کے 303 ارکان پارلیمنٹ ہونے کے باوجود اُسے چھ ہزار کروڑ روپے ملے ہیں اور بقیہ ارکان پارلیمنٹ کو، جن کی تعداد 242 ہے، انھیں 14 ہزار کروڑ روپے دیے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اگر اس کا حساب کتاب لیا جائے تو اپوزیشن، عوام اور میڈیا کا سامنا نہیں کر سکے گی۔

''ایک ملک ایک الیکشن'' کے بارے میں جناب شاہ نے کہا کہ اس کے پیچھے یہ نظریہ ہے کہ اِس ملک میں انتخابات بار بارکرائے جاتے ہیں اور لوگ ان میں مصروف رہتے ہیں جس کی وجہ سے بار بار خرچہ ہوتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مثالی ضابطۂ عمل کی وجہ سے بہت سے ترقیاتی کام بھی رک جاتے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ایک ملک ایک الیکش اِس کا حل ہے۔

جناب شاہ نے وزیراعظم نریندر مودی کا بیان ایک بار پھر دوہرایا کہ BJP کو 370 سے زیادہ، اور NDA کو 400 سے زیادہ سیٹیں ملیں گی۔x

CAA Mobile App

شہریت (ترمیمی) قانون2019 کے تحت درخواست تیار کرنے کیلئے CAA 2019 موبائل ایپ کام کرنے لگا ہے۔ وزارت داخلہ نے بتایا ہے کہ درخواست گزار گوگل پلے اسٹور سے ایپ کو ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں ۔ اسے indiancitizenshiponline.nic.in ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Defence Dornier Aircraft

وزارت دفاع نے ہندوستان ایرونٹوکس لمیٹڈ کے ساتھ دو ہزار 890 کروڑ روپے کے مالیت کے ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ یہ معاہدہ نئی دلی میں بھارتی بحریہ کے 25 ڈورنیئر طیارے میں بہتری لانے کے مقصد سے کیا گیا ہے۔ اِس معاعدے میں جدید ترین طرز کے Avionics سسٹمز اور پرائمری رول سینسرس کو شامل کرنے کے لیے اِسے بہتر بنایا جانا بھی شامل ہے۔ ڈورنیئر طیاروں کو بہتر بنائے جانے سے اِن کی کارکردگی میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔x

PM Letter

وزیراعظم مودی نے ایک کھلے خط کے ذریعے عوام تک رسائی حاصل کی ہے اور اُن سے کہا ہے کہ وہ وکست بھارت کے طور پر، بھارت کے مستقبل کو ایک شکل دینے پر اپنی رائے کا اظہار کریں۔ جناب مودی نے کہا کہ پچھلے دس سال میں ملک میں زبردست ترقی کی ہے۔ انھوں نے خاص طور پر کہا کہ ملک روایت اور جدت دونوں کو ایک ساتھ لے کر چل رہا ہے اور بھارتی مالا مال قومی و ثقافتی وراثت کو جلا دے رہا ہے۔

Smiriti Irani Mumbai

خواتین اور بچوں کی ترقی اور اقلیتی امور کی مرکزی وزیر اسمرتی ایرانی نے کہا ہے کہ اصلاحات، کارکردگی، یکسر تبدیلی اور معلومات بھارت کو وکست بھارت بنائیں گے۔ محترمہ ایرانی نے کل ممبئی میں نیشنل اسٹاک ایکسچینج میں وکست بھارت سفیروں کی میٹنگ سے خطاب کیا۔ اپنی میٹنگ کے دوران محترمہ ایرانی نے مختلف شعبوں میں حکومت کی دس سالہ حصولیابیوں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے entrepreneurship میں خواتین کی قیادت والی ترقی اور مختلف بینک اسکیموں کے فوائد کے ساتھ مساوی موقعوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ملک نے سبھی شعبوں میں ترقی کا مشاہدہ کیا ہے۔ محترمہ ایرانی نے بھارت کو دنیا میں تیزی سے ترقی کرتی ہوئی معیشت بنانے میں مدد کرنے کیلئے حکومت کی مختلف دیگر حصولیابیوں، بنیادی ڈھانچے کے فروغ، ڈجیٹلائزیشن، زیادہ سے زیادہ حکمرانی، کم سے کم حکومت پر مزید زور دیا۔ انہوں نے سبھی شرکاء پر اِس بات کے لئے بھی زور دیا کہ وہ وکست بھارت کے سفیر بنیں۔x

new Ujjain Railway Maintenance

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے مدھیہ پردیش میں اجین میں روپ وے کے کام کی تجدید کیلئے 188 کروڑ 95 لاکھ روپے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ رقم اجین جنکشن ریلوے اسٹیشن اور مہاکالیشور مندر کے درمیان موجودہ روپ وے کو برقرار رکھنے ، چلانے اور فروغ دینے کیلئے استعمال کی جائے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Sanjeev Sharma

*مجوزہ روپ وے بالخصوص یاتریوں کے بھیڑ بھاڑ کے سیزن کے دوران نقل وحمل میں مدد کرے گا اور اس سے سفر میں 7 منٹ کم لگیں گے۔ مذکورہ روپ وے روزانہ 64 ہزار یاتریوں کو سہولت فراہم کرے گا۔ مرکزی وزیر نتن گڈکری نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ اِس سے سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور ماحول کیلئے سازگار ٹرانسپورٹ فراہم ہوگا اور روزگار کے نئے مواقع تشکیل دیئے جائیں گے۔*

*مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے جناب گڈکری کے تئیں اپنے تشکر کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک بہترین فیصلہ ہے اور اِس سے شری مہا کال کے بھکتوں کو سہولت کے ساتھ ساتھ اجین کی ترقی کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔*

Telangana Teachers Issues

تلنگانہ حکومت نے سرکاری ٹیچروں اور ملازمین کی مشکلات کو حل کرنے کیلئے، حکومت کو مشورہ دینے اور اس کی جانچ کرنے کی خاطر ایک تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ وزیر اعلیٰ A Revanth Reddy نے ملازمین یونینوں کی طرف سے داخل کی گئی عرضداشتوں اور میمورنڈم کا جائزہ لینے کے بعد پینل تشکیل دیا ہے۔

اِس کمیٹی کی سربراہی ریاستی پلاننگ بورڈ کے نائب چیئرمین G Chinna Reddy کریں گے۔ پچھلے ہفتے وزیر اعلیٰ نے سرکاری ملازمین اور اساتذہ کی انجمنوں کے ساتھ ایک خصوصی میٹنگ منعقد کی تھی۔ جناب ریڈی نے انجمنوں کے نمائندوں کی جانب سے پیش کی گئی اپیلوں کا جائزہ لینے اور ملازمین کی مشکلات کو حل کرنے کا وعدہ کیا تھا۔x

Kavitha

انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ نے دلّی آبکاری پالیسی گھپلے کے سلسلے میں منی لانڈرنگ کے ایک مبینہ معاملے میں کل شام حیدرآباد میں BRS ایم ایل سی، سابق ممبر پارلیمنٹ اور سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کی بیٹی، K Kavitha کو گرفتار کیا ہے۔

BRS لیڈروں اور محترمہ کویتا کے کنبے نے کہا ہے کہ وہ اِس معاملے سے قانونی طور پر نمٹیں گے۔ کویتا کے وکیل نے بتایا ہے کہ وہ گرفتاری کے خلاف سپریم کورٹ جائیں گے۔

پارٹی نے اِسے سیاسی سازش سے تعبیر کیا ہے اور BRS لیڈر کے کویتا کی مبینہ طور پر غیر قانونی گرفتاری کے خلاف ریاست کے سبھی ضلعوں میں احتجاج کی بھی بات کہی ہے۔

اِس دوران ED نے ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں کو روکنے کے لئے سابق وزیر K Taraka Ramarao کے خلاف بھی ایک شکایت درج کی ہے۔x

Israel Rafah

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے غزہ کے جنوب میں واقع شہر رفح پر حملہ کرنے کے منصوبے کو منظوری دے دی ہے۔ جناب نتن یاہو نے حماس کی طرف سے جنگ بندی کی نئی قرارداد پر تبادلۂ خیال کرنے کے لئے اسرائیل کی جنگ سے متعلق کابینہ کی میٹنگ کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے۔

پہلے مرحلے میں حماس نے کئی اسرائیلیوں کے قتل میں ملوث کچھ مجرموں سمیت سیکڑوں فلسطینی قیدیوں کی رہائی کے عوض میں یرغمال بنائی گئی اسرائیلی خواتین، بچے، بزرگ اور بیمار افراد کی رہائی کی قرارداد پیش کی تھی۔ وزیراعظم نتن یاہو کے دفتر نے بتایا کہ حماس کی طرف سے پیش کی گئی جنگ بندی کی قرارداد غیر حقیقی مطالبے پر مبنی تھی۔

Badminton

بیڈمنٹن میں، برمنگھم میں جاری آل انگلینڈ اوپن چمپئن شپ میں مردوں کے سنگلز مقابلے میں بھارتی کھلاڑی لکشیہ سین سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ کل رات کھیلے گئے کوارٹر فائنل میچ میں دولت مشترکہ کھیلوں میں سونے کے تمغہ یافتہ لکشیہ نے ملیشیا کے LEE ZII JIA کو بیس-بائیس، اکیس-سولہ، اکیس-انیس سے شکست دی۔

اب آج شام لکشیہ کا مقابلہ انڈونیشیا کے، دنیا کے 9 ویں نمبر کے کھلاڑی JONATAN CHRISTIE سے ہوگا۔x

WPL

کرکٹ کے خواتین پریمیر لیگ میں، کل رات دلی میں کھیلے گئے ایک سنسنی خیز Eliminator میچ میں رائل چیلنجرس بینگلور، دفاعی چمپئن ممبئی انڈینس کو پانچ رن سے ہرانے کے بعد فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اس جیت کے ساتھ اب کل رائل چیلنجرس بینگلور کا خطابی مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے رائل چیلنجرس بینگلور نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 135 رن بنائے تھے۔ جواب میں ممبئی انڈینس مقررہ اوورس میں 6 وکٹ پر محض 130 رن ہی بنا سکی اور جیت کے ہدف کو حاصل کرنے میں ناکام رہی۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے چار روز کے دوران مشرقی اور وسطی بھارت میں بارش اور گرج چمک کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ مغربی بنگال ، جھارکھنڈ، اڈیشہ، ویدربھ، چھتیس گڑھ اور مدھیہ پردیش کے زیادہ تر حصوں میں اِس مہینے کی 20 تاریخ تک گرج چمک ، بجلی اور چالیس کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار کی ہواؤں کے ساتھ دور دور تک بارش ہوگی۔

IMD نے جموں کشمیر، لداخ اور ہماچل پردیش میں اِس مہینے کی 21 تاریخ کو ہلکی بارش اور برفباری کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے امکان ظاہر کیا ہے کہ اگلے تین سے چار روز کے دوران جنوبی بھارت کے حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

اس نے مزید کہا ہے کہ تملناڈو، پڈوچیری، کیرالہ اور آندھراپردیش میں اگلے دو روز کے دوران گرم اور امس والا موسم جاری رہے گا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... مجیب اختر

شکریہ - اسلم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخبارات نے لوک سبھا انتخابات اور چار ریاستوں اروناچل پردیش، آندھرا پردیش، اڑیسہ اور سکم میں اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کے آج اعلان کیے جانے کی خبر کو شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ خبروں کے مطابق الیکشن کمیشن کی میٹنگ میں اس کے اعلان کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

روزنامہ پرتاپ اور ملاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی بھوٹان کے وزیر اعظم کے ساتھ ملاقات کی خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ محترمہ مرمو نے اس موقع پر کہا کہ بھوٹان کو ہماری دوستی اور تعاون پر یکساں اعتماد ہے۔

وزارت تجارت و صنعت کی طرف سے جاری ہونے والی ماہانہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فروری میں تجارتی سامان کی برآمدات میں تقریباً بارہ فیصد کا اضافہ ہوا ہے اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے اہمیت دی ہے۔ نتیش کابینہ میں توسیع BJP کے بارہ اور جی ڈی یو کے 9 وزرا نے لیا حلف۔ اس خبر کو راشٹریہ سہارا اور ہندوستان ایکسپریس نے اولیت دی ہے۔ دلی ایکسائز پالیسی میں بی آر ایس کی لیڈر کویتا کی گرفتاری سے متعلق خبر کو بھی آج کے اخباروں نے خاص طور سے شائع کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ای ڈی پوچھ تاچھ کے لیے انھیں دلّی لا سکتی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال کے ایک بیان کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے جس میں انھوں نے کہا کہ شہریت ترمیمی قانون پر امریکہ کی تشویش غلط، غیر منصفانہ اور غیر متوقع ہے اور یہ بھارت کا اندرونی معاملہ ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 انتخابی کمیشن آج دوپہر لوک سبھا انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرے گا۔

2 وزیر اعظم نریندر مودی آج تلنگانہ اور کرناٹک میں عوامی جلسے منعقد کریں گے۔

3 وزارت دفاع نے بھارتی بحریہ کے، 25 ڈورنیئر طیاروں میں بہتری لانے کے لیے ہندوستان ایرونوٹکس لمیٹڈ کے ساتھ تقریباً تین ہزار کروڑ روپے مالیت کے سمجھوتے پر دستخط کیے ہیں۔

4 بیڈمنٹن میں، لکشیہ سین، برمنگھم میں آل انگلینڈ اوپن چیمپئن شپ کے، مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنلز میں داخل ہوگئے ہیں۔

5 اور : WPL کرکٹ میں دلی میں کھیلے گئے میچ میں رایل چیلنجر بینگلور نے ممبئی انڈینس کو شکست دی۔ اب کل فائنل میں اُس کا مقابلہ دلی کیپٹلز سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------